© rasailojaraid.com

کراچی۔سائز:23x36/16۔**صفحات**:169، **قیمت**:140 روپے

قرآن وحدیث میں صلہ رحمی کی ازحد تاکید کی گئی ہے اوراس پر بڑے اجروثواب کا وعدہ کیا گیا ہے، جب کہ قطع رحمی پر سخت وعیدیں بیان کی گئی ہیں۔ زیر نظر کتاب میں فاضل مؤلف نے قرآن وحدیث اور اقوال سلف کی روشنی میں اس موضوع کو انتہائی تحقیقی مگر عام فہم انداز میں بیان کیا ہے۔ ہر بات باحوالہ بیان کرنے کی کوشش کی گئی ہے، وہ سلیقۂ گفتار بھی رکھتے ہیں اور سوزِ دروں بھی، ان کی زبان بھی سہل ہے اور اردو بھی شستہ۔ معنوی حسن کے ساتھ کتاب کا ظاہری و صوری حسن بھی جاذب نظر ودل آویز ہے۔ امید ہے اہل ایمان کتاب کی ضرور قدر دانی کریں گے۔

**تحفۂ درود وسلام** : **تالیف**: مولانا مفتی عبدالرحمٰن کوثر۔ ترجمہ: مولانا محمد جاوید اشرف میرٹھی۔ناشر: زوّار اکیڈمی پبلی کیشنز اے 17/4 ناظم آباد 4 کراچی 18۔ **صفحات**:120، سائز:23x36/16 **قیمت**: معلوم نہیں

زیر نظر کتاب میں درود وسلام کی فضیلت واہمیت پر روشنی ڈالی گئی ہے۔ کتاب پانچ ابواب پر مشتمل ہے، جس میں درود شریف پڑھنے کے فضائل، درود شریف نہ پڑھنے پر وعیدیں، ہر مجلس میں درود شریف پڑھنے کی تاکید، درود شریف پڑھنے کے مواقع اور درود شریف کے چالیس مستند صیغے جیسے اہم مضامین احادیث نبویہ کی روشنی میں بیان کیے گئے ہیں۔ خاتمہ کتاب میں دو اہم مضامین بیان کیے گئے ہیں: اللہ تعالیٰ اور رسول اللہ ﷺ کی محبت کی ہر چیز پر فوقیت اور حضور ﷺ سے صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم کی محبت کے واقعات۔ ہمارے پیش نظر جو کتاب ہے وہ اردو ترجمہ ہے۔ اصل کتاب عربی زبان میں ہے جو حضرت مولانا عاشق الٰہی بلند شہری رحمہ اللہ تعالیٰ کے فرزند مولانا عبدالرحمٰن کوثر کی تالیف ہے۔ فاضل مؤلف نے کتاب کی ترتیب وتالیف میں خاصی محنت کی ہے۔ احادیث شریفہ کی سلیس تشریح اور ان سے مستفاد ہونے والے فوائد کے ساتھ ساتھ ان کا حکم بھی انہوں نے بیان کیا ہے۔ امید ہے مسلمان اس کی کماحقہ قدر دانی کریں گے۔ کتاب کی طباعت، کمپوزنگ، سیٹنگ اور کاغذ سب کچھ انتہائی اعلیٰ اور معیاری ہے۔

**الكوثر الجاري الى رياض البخاري** : **تالیف**: مولانا سید عبدالستار شاہ۔ناشر: جامعہ اسلامیہ دارالعلوم رحیمیہ نیلا گنبد سرکی روڈ کوئٹہ۔ صفحات:309۔ سائز:20×30/8۔ قیمت: درج نہیں۔

زیر تبصرہ کتاب صحیح بخاری کے کتاب الایمان کے چند ابواب کی اردو شرح ہے۔ یہ پہلی جلد ہے، بقیہ جلدوں پر کام ابھی جاری ہے۔ فاضل مؤلف عرصہ گزشتہ چالیس سال سے صحیح بخاری کا درس دے رہے ہیں۔ گویا یہ شرح ان کے طویل تدریسی تجربات کا نچوڑ ہے۔ شرح تحقیقی مگر انتہائی مغلق ہے۔ پھر اردو میں سلاست کے فقدان نے اسے اور پیچیدہ کردیا ہے۔ اگر فاضل مؤلف اپنا اسلوب سہل کرلیں اور کسی ماہر اردو دان سے اس پر نظر ثانی کروالیں تو یہ شرح انتہائی مفید ہوجائے گی۔ حدیث کی تشریح کے وقت اس کی تخریج کا انداز بھی فنی لحاظ سے محل نظر ہے، اس کی اصلاح بھی کرلی جائے۔ نیز سیٹنگ اور کمپوزنگ میں بھی سلیقہ مندی عنقاء ہے۔ امید ہے اس جلد کے اگلے ایڈیشن اور اگلی جلدوں میں ان


© rasailojaraid.com